# دی سٹی اسکول


## یونیورسٹی روڈ کیمپس

مضمون: اردو

سوال نامہ

نام: ______ جماعت: سوم / سیکشن: ______ تاریخ: ______

س1: دی گئی تصاویر کو دیکھ کر دو جملے تحریر کیجیے۔





# دی سٹی اسکول

## یونیورسٹی روڈ کیمپس

## اردو اعادہ ورک شیٹ ۔۲

## جماعت سوم

نام: ____________ فریق: ____________ تاریخ: ____________

س۱: الفاظ متضاد کی جوڑی کو ایک ہی جملے میں استعمال کریں۔

کھلا ۔ بند ________________________________

درست ۔ غلط ________________________________

آج ۔ کل ________________________________

استاد ۔ شاگرد ________________________________

پھول ۔ کانٹا ________________________________

س۲: الفاظ کے ہندسوں اور ہندسوں کو الفاظ میں تحریر کریں۔

| الفاظ | ہندسے |
|---|---|
| گیارہ | |
| | ۱۷ |
| | ۱۸ |
| بائیس | |
| ستائیس | |

# دی سٹی اسکول

## یونیورسٹی روڈ کیمپس

## اردو اعادہ ورک شیٹ ۔۳

## جماعت سوم

نام: ____________ فریق: ______________ تاریخ: ________________

تفہیم

میرے پیارے وطن کا نام پاکستان ہے۔اس کے چار صوبے اور ایک دارالخلافہ ہے۔ دارالخلافہ اس شہر کو کہتے ہیں جہاں حکومت کے اہم دفاتر ہوتے ہیں۔ہمارے دارالخلافہ کا نام اسلام آباد ہے۔اسلام آباد خوبصورت شہر ہے۔اسے مارگلہ کی پہاڑیوں کے دامن میں آباد کیا گیا ہے۔پاکستان کی قومی زبان اردو ہے مگر ہم کئی علاقائی زبانیں بھی بولتے ہیں۔پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے بہت سی نعمتوں سے نوازا ہے۔راوی پاکستان کا مشہور دریا ہے۔یہاں دنیا کا مشہور پہاڑی سلسلہ بھی ہے اور اس کا سب سے بلند پہاڑ کوہ ہمالیہ ہے۔

مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کریں۔

س۱:پاکستان کے کتنے صوبے ہیں ؟

ج:________________________________________

س۲: دارالخلافہ کسے کہتے ہیں ؟

ج:________________________________________

س۳:اپاکستان میں کون سا بلند پہاڑ پایا جاتا ہے ؟

ج:________________________________________

س۴:اسلام آباد شہر کہاں آباد کیا گیا ؟

ج:________________________________________

س۵: عبارت کا مناسب عنوان تحریر کریں۔

ج: ______________________________________________

س۶: عبارت میں سے کوئی بھی پانچ اسم معرفہ تلاش کر کے تحریر کریں۔

۱ ____________ ۲ ____________ ۳ ____________ ۴ ____________ ۵ ____________

س۶: عبارت میں سے کوئی بھی پانچ اسم نکرہ تلاش کر کے تحریر کریں۔

۱ ____________ ۲ ____________ ۳ ____________ ۴ ____________ ۵ ____________

س۷: درج ذیل الفاظ کا انگریزی ترجمہ لکھیں۔

دارالخلافہ ____________ پہاڑ ____________ صوبے ____________ قومی زبان ____________

دی سٹی اسکول

یونیورسٹی روڈ کیمپس

**جماعت سوم**

نام: ________________ فریق: ________________ تاریخ: ____________________

درج ذیل مثبت جملوں کو منفی اور سوالیہ جملوں میں تبدیل کریں۔

۱۔ سارہ دوڑ رہی ہے۔

منفی:

سوالیہ:

۲۔ بطخ پانی میں تیر رہی ہے۔

منفی:

سوالیہ:

۳۔کسان کھیت میں ہل چلا رہا ہے۔

منفی:

سوالیہ:

۴۔احمد کو کتابیں پڑھنے کا شوق ہے۔

منفی:

سوالیہ:

# دی سٹی اسکول

## یونیورسٹی روڈ کیمپس

## اردو اعادہ ورک شیٹ۔۵

## جماعت سوم

نام: ____________ فریق: ____________ تاریخ: ____________

س۱: درج ذیل غلط فقرات کو درست کر کے لکھیں۔

۱۔ مرض ختم ہو چکی ہے۔

۲۔ دہی کھٹی نہیں ہے۔

۳۔ میں نے ٹکٹ خریدا۔

۴۔ حال میں لوگ جمع ہیں۔

۵۔ مین نے کوئی خواب نہیں دیکھی ہے۔

س۲: درج ذیل الفاظ کے ۳،۳ ہم آواز الفاظ تحریر کریں۔

| الفاظ | ہم آواز الفاظ |
|---|---|
| تال | |
| آتی | |
| آب | |
| آیا | |

# دی سٹی اسکول

## یونیورسٹی روڈ کیمپس

## اردو اعادہ ورک شیٹ۔٦

## جماعت سوم

نام: ____________ فریق: ____________ تاریخ: ______________

س۱: حروف پر، سے، تک، اور جب کی مدد سے خالی جگہیں مکمل کریں۔

۱۔ علی اپنے دوستوں کے ساتھ کل دیر__________ کھیلتا رہا۔

۲۔ کالا کوا دیوار ________ بیٹھا ہے۔

۳۔ امی ______ بھی بازار جاتی ہیں، میرے لیے کھلونے لاتی ہیں۔

۴۔ میں نے اسکول______ آکر اپنا کام مکمل کیا۔

۵۔ تم کب __________ واپس آئو گے۔

س۲: مناسب اسم صفت لگائیں۔

۱۔__________ پہاڑ

۲۔ __________ کھیت

۳۔ __________ گڑیا

۴۔__________ پانی

۵۔__________ پنسل

# دی سٹی اسکول

## یونیورسٹی روڈ کیمپس

مضمون: اردو

سوال نامہ

نام: ____________ جماعت: سوم / سیکشن: ________ تاریخ: ________

**خالی جگہ میں درست ہندسے اور حروف لکھیے۔**

1۔ میرے پاس (5) ________ قلم ہے۔

2۔ علی کی جماعت میں (بیس) ________ بچے ہیں۔

3۔ حیہ نے امی سے (دس) ________ روپیہ مانگے۔

4۔ شاہد (ا) ________ گھنٹے تک کھیلتا رہا۔

5۔ میرے پاس (دو) ________ بلیاں ہیں۔

6۔ امی (12) ________ درجن انڈے لائیں۔

7۔ احمد نے (سات) ________ کیلے کھائے۔

8۔ ثناء نے راشد کو (6) ________ قلفیاں دیں۔

9۔ اکبر کرکٹ میں (آٹھ) ________ دفعہ جیتا۔

10۔ ابا (گیارہ) ________ آم لائے تھے۔

11۔ میں (9) ________ بجے سو جاتی ہوں۔

12۔ تم مجھے (3) ________ کاپی دے دو۔

13۔ امی نے مجھے (چار) ________ سیب دیئے۔

14۔ ابا نے ایان کو (13) ________ گاڑیاں دیں۔

15۔ میری کاپی میں (15) ________ ستارے ہیں۔

16۔ احمد نے (چودہ) ________ گاڑیاں عمر کو دیں۔

17۔ کیا تم میں (19) ________ دفعہ جھولے کا چکر لگایا ہے؟

18۔ میرے پاس (سترہ) ________ مرغیاں ہیں۔

19۔ تم نے (سولہ) ________ کیلے کھائے ہیں۔

20۔ میں نے یہ کھیل (18) ________ دفعہ کھیلا ہے۔

# دی سٹی اسکول

## یونیورسٹی روڈ کیمپس

## مضمون: اردو

## سوال نامہ

نام:____________ جماعت: سوم / سیکشن: ________ تاریخ:

________

### تفہیم

پودے اللہ کی نعمت ہیں۔ہم اِن سے بہت کچھ حاصل کرتے ہیں۔یہ ہمیں آکسیجن، پھل اور پھول فراہم کرتے ہیں۔پودے ماحول کو خوش گوار بنانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔کچھ پودے بڑے ہوکر سایہ دار درخت بھی بن جاتے ہیں۔پودوں کو بڑھنے کے لیے ہوا، پانی، مٹی اور روشنی کی ضرورت ہوتی ہے۔اگر پودوں کا خیال نہ رکھا جائے تو یہ مُرجھا جاتے ہیں لہٰذا ان کی مکمل دیکھ بھال کرنا ضروری ہے۔خوش نما اور سرسبز پودوں کو دیکھنے سے آنکھوں کو ٹھنڈک کا احساس ہوتا ہے۔ہمیں زیادہ سے زیادہ پودے لگانے چاہئیں تاکہ ہم اِن سے نہ صرف فائدے حاصل کرسکیں بلکہ ہمارا ماحول بھی خوب صورت رہے۔

**مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔**

س1: پودوں سے ہم کیا کیا حاصل کرتے ہیں؟

ج:____________________

س2: پودوں کو بڑھنے کے لیے کن کن چیزوں کی ضرورت ہے؟

ج:____________________

____________________

س3: تفہیم کا مناسب عنوان لکھیں۔

ج:____________________

س4: عبارت میں سے دو حروف تلاش کرکے لکھیں۔

1۔__________ 2۔__________

س5: درج ذیل الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں۔

نعمت: ____________________

____________________

سرسبز: ____________________

____________________

روشنی: ____________________

____________________

# قواعد

س1: درج ذیل الفاظ کی مدد سے مرکب الفاظ بنائیں۔

| الفاظ | | مرکب الفاظ |
|---|---|---|
| ضرورت | کش | |
| کم | زور | |
| دل | مند | |
| شہ | زور | |

س2: درست حرف تلاش کرکے خالی جگہ میں لکھیئے۔

1۔ یہ کس ________ گھر ہے؟(میں، کا)

2۔ مسلمان کسی ________ نہیں ڈرتا۔(میں، سے)

3۔ لوگ گاؤں ________ رہتے ہیں۔(پر، میں)

4۔ ہمیشہ بزرگوں ________ عزت کرو۔ (کی، کے)

5۔ ہر جگہ ________ خدا کو یاد کرو۔ (پر، کو)

6۔ ________ تک امی ناشتہ نہیں کراتیں میں اسکول نہیں جاتا۔ (کو، جب)

س3: دیئے گئے جملوں میں سے اسم اور فعل تلاش کرکے لکھیے۔

1۔ امجد نے کمپیوٹر خریدا۔

2۔ شعیب نے ماں کی بات سُنی۔

3۔ فیض نے کتاب خریدی۔

4۔ قلم میز پر رکھا ہوا ہے۔

5۔ علی میدان میں کھیل رہا ہے۔

| اسم | فعل |
|---|---|
| | |
| | |
| | |
| | |
| | |

# دی سٹی اسکول

## یونیورسٹی روڈ کیمپس

## اردو اعادہ ورک شیٹ

نام:____________ جماعت: سوم / سیکشن: __________ تاریخ: ________

**ہدایات: انشاء پردازی کی کاپی میں کام کریں۔**

٭مضمون نویسی (الفاظ کی حد ۸۰)

۱۔ درخت اور ہمارا ماحول

۲۔ شام کو جب میں امّی کے ساتھ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

۳۔ میرا پسندیدہ کھیل

٭کہانی نویسی (الفاظ کی حد ۸۰)

۱۔ سارس اور لومڑی

۲۔ جادو کی کتاب

۳۔ ہمیشہ سچ بولنا چاہیے

٭خط نویسی (الفاظ کی حد ۷۵)

۱۔ اپنے والد کو خط کر انھیں امتحان میں کامیابی کی اطلاع دیں۔

۲۔ چھوٹے بھائی کو خط لکھ کر پانی کی اہمیت کے بارے میں بتائیں۔

٭پراجیکٹ

موسم کے بارےہیں معلومات اکٹھی کر کے انشاء پردازی کی کاپی میں تحریر کریں، تصویریں خود بنانے کی کوشش کریں۔

٭بہار ٭سردی ٭گرمی ٭خزاں